موری شمارہ برنڈ [illegible] کا پیش کردہ

[illegible]

[illegible]

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گوپال کو چھوڑ کر ہسپتال پہنچا تو نوجوان نرس سندھیا کو دیکھتے ہی اُسکے دِل میں زندہ رہنے کی اُمنگ جاگ اُٹھی

آگے پردہ پر دیکھیں۔

چھوٹے بابو کے گانے

آنے والے کل کی تم تعبیر ہو
ناز کرے گی دُنیا تم پر دُنیا کی تقدیر ہو
تم تو ہنسی گلشن کے رنگ جگ میں اُجالا کر دو گے
بھولی بھالی مسکانوں سے سب کی جھولی بھر دو گے
ہنستے چلو زمانے میں تم چلتا ہوا اک تیر ہو
ناز کرے گی.....

تم تو بہار بنے کاروانوں کو سجانے آئے ہو
نہیں ... جیسا کبھی کہ تم روٹھوں کو منانے آئے ہو
... تقدیر بدل دے تم ایسی تدبیر ہو
ناز کرے گی

ایک دِن ہونگے زمیں آسماں چاند ستارے ہاتھوں میں
ایک دِن باگ ڈور بھارت کی تمہارے ہاتھوں میں
... دشمن جکڑے تم ایسی زنجیر ہو

نازک ریکی

گانا نمبر ۲

تیری چمکتی آنکھوں کے آگے ستارے کچھ بھی نہیں
تو جو پکارے ہاتھ بڑھا دنیا کے سہارے کچھ بھی نہیں
مان برباد ہیں بہت یہ رات حسیں یہ چاند جوان
سامنے میرے تو ہے تو دنیا کے نظارے کچھ بھی نہیں
تیری چمکتی

ساتھ ہے میرے تو جب تک روشن ہے زمیں کی راہیں
کیوں ہو مجھے منزل کا غم تیار ہے جب تیری بانہیں
مانجھی اگر تو دنیا کا طوفان کے دھارے کچھ بھی نہیں
تیری چمکتی

باندھ لیا بندھن میں مجھے بس کر لیا بہاروں کو
ہے یہ وہ بندھن جو کر دے آزاد غم کے ماروں کو
پیار کی تیری گھٹا ملے تو غم کے شعلے کچھ بھی نہیں
تیری چمکتی

گانا نمبر ۳

میں کھڑی کھڑی سوچ رہی ایک بڑی بات رے
آئیں گے کب سیّاں لے کے بارات رے
دنیا کہے چوری چوری ملنا نہیں ٹھیک
اور دل کہے کہ ملے بنا چلنا نہیں ٹھیک
کیسے ہو وے پھر ان سے ملاقات رے

آئیں گے

آگے آگے راجہ آئے گھوڑے پہ سوار
پیچھے پیچھے جھومر والی ڈولی پہ کہار
اُو بہتے ہوؤے پھولوں کی برسات رے
آن سے ملن کی وہ پہلی پہلی رین
ترسے کے بین بہرے جھکے نین
دھڑکتے ہوئے دل پہ ہوگا ہیرا ہاتھ رے
آئیں گے

گانا نمبر ۵

لے لے درد پرایا کردے دور غم کا سایا
تیری خوشی تجھ کو مل ہی جائے گی
خوشی اوروں کو دے تو لے غم
تیری ہار بھی جیت سے نہ کچھ کم
جو کسی کے کام آیا جس نے روتوں کو ہنسایا
اسکی کشتی بھی کنارے لگ ہی جائے گی
جیا اپنی خاطر تو وہ کیا جیا
کیا خود کو خوشحال تو کیا کیا
تو پیار جن جاساری دنیا پہ چھا
مرجھائی کلی بھی کھل جائے گی
تو دنیا میں اپنا نشاں چھوڑ جا
رہے یاد وہ داستاں چھوڑ جا

جو ہے زندگی سے ہار بن جا اس کا سہارا
منزل بھی تجھے مل ہی جائے گی
سنبھل ڈگمگانے ہیں تیرے قدم
نہ گمراہ کر دے تجھے تیرا غم
مانا دل رو رہا پھر بھی تو مسکرا
تیرے دل کی کسک مٹ ہی جائے گی
تو دنیا میں اپنا نشان.....
تو ہو جائے گا امر جیسے ہونگے گھر گھر
تیرے پیار کی کہانی سنی جائے گی

گانا نمبر ۵

دو دن کی محبت میں ہم نے کچھ کھویا ہے کچھ پایا ہے
دو غم کے آنسو ہم کو ملے جینے کا چین گنوایا ہے
ارماں ہیں جو نکلے بھی نہیں کچھ آنسو ہیں جو بہے نہیں
کچھ ایسے بھی افسانے ہیں جو ہم نے کسی سے کہے نہیں
خود ہنسی میں بدلے ہیں آنسو اور اپنا درد چھپایا ہے
دو دن کی محبت

اے دل تو ہمیں تڑپاتا تھا سے ہم نے رلایا ہے تجھ کو
اے دل کی لگی تو جلاتی تھی ہے ہم نے جلایا ہے تجھ کو
اس درد کو وہ جانے جس نے کبھی اپنا جلایا ہے
دو دن کی محبت

اس بات پہ خوش ہے دیوانہ میرے زخم کسی کے کام آئے

اک روگ بنا ہم لے بیٹھے کیا جانے کب آرام آئے
اے دِل اتنا بیتاب نہ ہو جب غم کو گلے لگایا ہے

دو دِن کی محبّت

گانا نمبر ۶

تم میرے سوا ہی انتریامی مات پِتا تم میرے
تم میرے تن من تم میرے جیون بندھو سکھا تم میرے
میرے من کی تو ہی جانے جاؤں کیسے میں اور ستانے
دکھیا من کی کروں کہانی تو ہی ایک سنے رے
تم میرے

شکتی مجھے دو میں نہ ڈگمگ سپنی اُڑانہ گا سدا جگ
گرنے والوں کی دنیا میں تو ہی بانہہ گہے رے
چاہوں اور اُٹھی ہے آندھی عجب سادھنا میں نے سادھی
آنچل میں اک دیپ چھپایا کہیں نہ ہائے بجھے رے
تم میرے

گانا نمبر ۷

دو چار گھڑیاں بیٹھ کے ہم کو نبانی ہے یہاں
ہم سنا ہیں آپکو اپنے سفر کی داستاں
چل دیئے دِل کا ٹکٹ لے ہم جوانی میل سے
اپنے جیسے اور بھی کتنے ہی بیٹھے تھے وہاں
پھِر

ایک گاڑی اِدھر سے ہماری چلی ایک گاڑی اِدھر سے تمہاری چلی

ہی کو یہ دنیا ہی اور مجھے ابھی
کیا ؟

دلوں کے ٹکرا جانے کو محبت کہتے ہیں لالہ
بڑے بن ٹھن کے ہم نکلے بڑے سج دھج کے وہ نکلے
نظر کے پلیٹ فارم پر کچھ وہ پھسلے کچھ ہم پھسلے
ہوئی ٹکر جو آپس میں تو بولے دیکھنے والے
کی گل اے سوہنیوں
گا ئے جھالا دلوں کے

عجب ہے یہ گاڑی بابو عجب اس کا چلانا ہے
مسافر جو بھی آ بیٹھے کہے اُس کو دیوانہ ہے
نہ پٹڑی ہے نہ سٹیشن ہے جہاں ٹکرائیں جنکشن ہے
نہ ڈرائیور ہے نہ گارڈ ہے نہ بابو ہے ٹکٹ والا
دلوں کے ٹکرا ——

ارے او دیکھنے والو نہ جھجکو میر کر دیکھو
یہ گاڑی چل پڑی دیکھو ادھر دیکھو
یہاں سیٹی نہیں بجتی یہاں جھنڈی نہیں ہلتی
وہی رک جاتا ہے انجن دیکھا جو دال میں کالا
دلوں کے ٹکرا ——

ختم شد

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اس کتاب میں ایسی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ یورپ، امریکہ، جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں اشیاء بنانیکے نسخے۔ صابن، تیل، کریم، پاؤڈر اور روزمرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بجری کرنیکے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔

قیمت صرف 3|-|- محصولڈاک معاف

ٹیلر ماسٹر

ٹیلرنگ کا کام سکھانیوالی سب سے بہتر اور نئی کتاب۔ جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کیگئی ہے۔ جدید فیشن ایبل کپڑوں شلوار، قمیص، شرٹ، لیڈیز کوٹ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو صرف اس کتاب کے اندر ہی ملیگا۔

قیمت صرف 3|-|- محصولڈاک معاف

نیو فیشن بک

زنانے مردانے لیٹسٹ ۲۰۰ ڈیزائن فوٹو بلاک سے آرٹ پیپر پر چھپوائے گئے ہیں۔ جسے دیکھکر گاہک من مانا کپڑا سلوا سکتا ہے۔ ہر دوکاندار کے پاس اسکا ہونا ضروری ہے۔

قیمت صرف 2|4|- محصولڈاک معاف

زین اینڈ کو پبلیشرز دریبہ کلاں دھلی

وحدت آباد پریس دہلی